# پتنگ بازی-۲

## Patangbazi (Script)

**Duration: 01min 34 sec.**

اس کو یہ تنکا سیدھا لگا ہوا ہے اس کو بولتے ہیں ٹھڈا۔ یہ چیز جو آجاتی ہے یہ ہو جاتی ہے کمان۔ یہ نیچے آجاتا ہے پتا۔ باقی یہ کنڈے بول دیتے ہیں ان کو پٹھے بول دیتے ہیں۔ یہ پتنگ اس طرح سے تیار ہونے کے بعد میں یہ آجاتے ہیں کنڈے، یہ آجاتے ہیں پٹھے، یہ آگیا ٹھڈا، یہ آگئی کمان۔ یہ اس میں چار پانچ چیزیں ہوتی ہیں جس سے پتنگ بن کر تیار ہو جاتی ہے۔ یہ اور کنے باندھنے کا طریقہ ہمارا اس طرح سے ہوتا ہے، ہم پتنگ کے حساب سے اور ہوا کے حساب سے کنے باندھتے ہیں اس کے اندر کے۔ کس حساب سے ہمیں پتنگ اپنی تیار کرنی ہے یہ ڈبل سادی کر لیتے ہیں جس سے کہ تھوڑی مضبوط ہو جائے۔ پھر یہ ہم نے اس طرح سے پھندہ باندھا، اب یہ ہم اس کو یہاں سے لیں گے، چھید میں، یہ ادھر سے ڈالی ہم نے اور یہ ادھر سے لے لی۔ اب یہ ہماری پتنگ ایک side سے بندھ گئی۔ یہ اب ہماری پتنگ کے کنے بندھ گئے۔ اب ہمیں یہ دیکھنا ہوتا ہے ہوا کیسی ہے، تیز ہے، کم ہے، زیادہ ہے، اسی حساب سے جیسے آج کی ہوا اس کے حساب سے ہم اس کی ڈوری کو ناپ لیں گے۔ ناپنے کے بعد میں پھر اس کو اس طرح سے پھندہ دے دیں گے یہاں پہ۔ یہ گٹھا بندھ گئی، اب یہ ہماری پتنگ تیار ہے۔ اب ہم اس کو سدّی سے یا مانجھے سے اس کو ہم اڑا سکتے ہیں۔